SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Media and Corporate Communications Department**

**Press Release**
July 12, 2016
For immediate release

## ایس ای سی پی نے شیئرر جسٹرارز اور بیلٹرز ضوابط 2016 کا مسودہ جاری کر دیا

اسلام آباد (۱۲ جولائی) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے کیپٹل مارکیٹ میں شیئرر جسٹرارز اور بیلٹرز کی خدمات فراہم کرنے والوں کو باقاعدہ انضباطی فریم ورک میں شامل کرنے کے لئے، شیئرر جسٹرارز اور بیلٹرز ضوابط 2016 کا مسودہ عوامی آراء کے لئے جاری کر دیا ہے۔

اسٹاک مارکیٹ میں حصص کے اجراء اور پیشکشوں اور ان کی منتقلی، حصص کے شراکت داروں کا رجسٹر کو ترتیب دینے، بونس اور حصہ کی تقسیم، نقد ڈیوڈینڈ کی تقسیم اور اپنے صارفین کی جانب سے شراکت داروں کو نوٹس جاری کرنے میں شیئرر جسٹرار اور بیلٹرز اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

نئے ضوابط کے مسودہ میں شیئرر جسٹرارز اور بیلٹرز کو ریگولیٹ کرنے کے لئے دیگر شرائط کے ساتھ ساتھ ان کے لئے اہلیت کا معیار، لائسنس کے اجرا اور تجدید کی شرائط، ان کے فرائض و ذمہ داریاں، ان کے دیوالیہ ہونے کی صورت میں مالیاتی اداروں کو واجبات کی ادائیگی کا طریقہ کار و شرائط متعین کئے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ نئے ضوابط میں شیئرر جسٹرارز کے سپانسرز، چیف ایگزیکٹو، ڈائریکٹرز کی اہلیت اور ان کی تعیناتی کا طریقہ کار بھی وضع کر دیا گیا ہے۔

نئے ضوابط کے مطابق، ضرورت محسوس کرنے پر، ایس ای سی پی کے متعلقہ افسران، شیئرر جسٹرار کا لائسنس جاری کرنے یا اس کی تجدید کرتے وقت ان کے دفاتر کا معائنہ بھی کر سکیں گے۔ امید ہے کہ نئے ضوابط شیئرر جسٹرارز اور بیلٹرز کی خدمات کو مزید موثر بنانے اور ان کے معیار کو بہتر بنانے میں معاون ثابت ہوں گے اور ان کے کام میں شفافیت کا باعث ہوں گے۔ نئے ضوابط کے مسودہ پر آراء و تجاویز کی روشنی میں ان ریگولیشن کو حتمی شکل دے دی جائے گی۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
Cell: +92 300-9882237
Email: sajid.gondal@secp.gov.pk
www.secp.gov.pk